**15.09.2024**
**13.50 Hrs**
**HL**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں.............................کلیم احمد
**Music**
-------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے رانچی سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 6 وندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ انہوں نے جھارکھنڈ میں 660 کروڑ روپے کے متعدد ریلوے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور قوم کے نام وقف کیا۔

☆ وزیر اعظم نے پردھان منتری آواس یوجنا- گرامین کے مستفیدین کیلئے پہلی قسط بھی جاری کی۔ 32 کروڑ روپے ڈجیٹل طریقے سے بینک کھاتوں میں ٹرانسفر کئے گئے۔

☆ دلّی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے دو دن میں وزیر اعلیٰ کے عہدے سے استعفیٰ دینے کا اعلان کیا ہے۔

☆ میرٹھ میں عمارت گرنے کے واقعے میں مرنے والوں کی تعداد 10 ہوگئی ہے۔پانچ لوگوں کو بچا لیا گیا ہے۔

☆ صدرِ جمہوریہ ، نائب صدرِ جمہوریہ اور وزیر اعظم نے اونم کے موقع پر عوام کو مبارکباد دی ہے۔

☆ اور نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں نیرج چوپڑا، Brussels میں ڈائمنڈ لیگ کے فائنل میں دوسرے مقام پر رہے۔

**Music**
اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**PM - Vande Bharat Trains**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج رانچی ایئرپورٹ سے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 6 وَندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جن میں ٹاٹا نگر - پٹنہ ٹرین بھی شامل ہے۔ 6 وَندے بھارت ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کرنے کا پروگرام جمشید پور میں ہونا تھا۔ وزیر اعظم نے جھارکھنڈ کیلئے 660 کروڑ روپے سے زیادہ کے کئی ریلوے پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھا اور قوم کے نام وقف کیا۔ جناب مودی آج صبح رانچی ایئرپورٹ پر پہنچے تاکہ وہ جمشید پور کیلئے روانہ ہوسکیں لیکن اُن کا ہیلی کاپٹر خراب موسم کی وجہ سے اڑان نہیں بھر سکا۔
ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے عوام سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ وندے بھارت ٹرینوں کے چلنے سے جھارکھنڈ اور پڑوسی ریاستوں سمیت مشرقی بھارت میں اقتصادی اور ثقافتی سرگرمیوں میں اضافہ ہوگا۔

جناب مودی نے کہا کہ یہ ٹرینیں سیاحتی صنعت کو مستحکم کریں گی اور اِس سے نوکریوں کے مواقعوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ مرکز ، جھارکھنڈ کی ہمہ جہت ترقی کیلئے عہدبند ہے۔ وزیر اعظم مودی نے پردھان منتری آواس یوجنا- گرمین کے مستفیدین کیلئے پہلی قسط بھی جاری کی۔ 32 کروڑ روپے ڈجیٹل طریقے سے مستفیدین کے بینک اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کئے گئے۔ اِس کے علاوہ، 32 ہزار مکانات کی منظوری کے خطوط بھی تقسیم کئے گئے۔ مستفیدین کیلئے نئے تعمیر شدہ 46 ہزار مکانات کے گرہ پرویش کی تقریب کا بھی انعقاد کیا گیا۔

عوام سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ اگلے پانچ برسوں میں دو کروڑ اضافی مکانات تعمیر کئے جائیں گے۔

انہوں نے کہا کہ قبائلی محروم طبقہ ، دلت ، معذور اور خواتین ملک کی ترجیحات کی فہرست میں اوپر ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ پی ایم آواس یوجنا سے متعلقہ علاقوں میں سرگرمیوں اور نوکریوں کے مواقع میں اضافہ ہوگا۔ x

## VP Nagpur Visit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج سہ پہر ناگپور میں رام دیو بابا یونیورسٹی کے مقام پر ایک ڈجیٹل ٹاور کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن، وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے اور نائب وزیر اعلیٰ دویندر فڑنویس بھی موجود ہوں گے۔ ڈجیٹل ٹاور تازہ ترین سسٹم سے لیس ڈجیٹل کلاس رومز پر مشتمل ایک 12 منزلہ عمارت ہے جو کمپیوٹر سائنس اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے ضروریات کو پورا کرتی ہے۔x

## Shah Engineers Day

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے ''انجینئرس ڈے'' کے موقع پر سبھی ٹیکنوکریٹس کو مبارکباد دی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے کہا کہ انجینئرس، ملک کی نمو اور اختراع نیز ترقی کو فروغ دینے اور اپنے گراں قدر تعاون کے ذریعہ مستقبل کے خدوخال طے کرنے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

انہوں نے صاحب بصیرت انجینئر، بھارت رتن Sir. M. Visvesvaraya کو خراج عقیدت بھی پیش کیا جن کی وراثت، انجینئروں کو ترغیب فراہم کرتی رہے گی۔

## Kejriwal Resignation

دلی کے وزیر اعلیٰ اروند کیجریوال نے اعلان کیا ہے کہ وہ دو روز کے بعد وزیر اعلیٰ کے عہدے سے مستعفی ہوجائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نئے وزیر اعلیٰ کے بارے میں فیصلہ کرنے کی غرض سے اگلے چند روز میں، عام آدمی پارٹی کے ارکان اسمبلی کی ایک میٹنگ منعقد کی جائے گی۔ جناب کیجریوال نے مطالبہ کیا کہ دلی میں اسمبلی انتخابات، جو اگلے سال فروری میں ہونے ہیں، اس سال نومبر میں مہاراشٹر کے انتخابات کے ساتھ ساتھ کرائے جانے چاہئیں۔

قومی راجدھانی میں پارٹی دفتر میں پارٹی کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے ، جناب کیجریوال نے یہ بھی کہا کہ وہ عوام کا فیصلہ آنے تک، وزیر اعلیٰ کی کرسی پر نہیں بیٹھیں گے۔ سپریم کورٹ نے جمعہ کو دلی آبکاری پالیسی کیس میں انہیں ضمانت دے دی تھی۔

### CBI Arrest  Sandip Ghosh

مغربی بنگال میں مرکزی تحقیقاتی بیورو CBI نے کل آر جی کر میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور Tala پولیس اسٹیشن کے سابق آفیسر انچارج ابھجیت مَنڈل کو کولکاتہ کی ایک ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے سلسلے میں گرفتار کیا ہے۔ اُن پر ثبوتوں سے چھیڑ چھاڑ کرنے ، تحقیقات میں گمراہ کن رویہ اختیار کرنے اور FIR درج کرانے میں تاخیر کے الزامات ہیں۔ سی بی آئی نے ابھجیت منڈل سے اُن کی گرفتاری سے پہلے کئی گھنٹے پوچھ تاچھ کی۔ اِس سے پہلے سی بی آئی نے آر جی کر اسپتال میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں سے متعلق ایک الگ کیس میں سندیپ گھوش کو گرفتار کیا۔

CBI ، کولکاتہ پولیس کے مزید دو عہدیداروں کے بارے میں بھی چھان بین کررہی ہے۔ اس کے علاوہ، CBI تالہ پولیس اسٹیشن کے ایک سب انسپکٹر سے بھی پوچھ تاچھ کررہی ہے۔

### SC - RG Kar

سپریم کورٹ منگل کو اپنی طرف سے RG Kar میڈیکل کالج پر سماعت جاری رکھے گا۔ پچھلے مہینے کولکاتہ میں ریاستی RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال میں ایک جونیئر ڈاکٹر کی عصمت دری اور ہلاکت کے معاملے میں سپریم کورٹ نے خود سے کارروائی شروع کی ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کی سربراہی والی ایک تین رکنی بینچ ، مرکزی تفتیشی بیورو کی تازہ رپورٹ پر غور کرے گی۔ CBI نے کل RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل سندیپ گھوش اور Tala پولیس اسٹیشن کے سابق انچارج افسر Abhijit مَنڈَل کو عصمت دری اور قتل کیس کے سلسلے میں گرفتار کیا تھا۔ مَنڈَل اُس وقت Tala پولیس اسٹیشن کے انچارج تھے ، جب پچھلے مہینے کی 9 تاریخ کو اسپتال کے سیمینار ہال سے جونیئر ڈاکٹر کی لاش برآمد ہوئی تھی۔ x

### Global Blo India

گلوبل بایو انڈیا 2024 کا چوتھا ایڈیشن، بایو ٹیک میں بھارت کی اعلیٰ مہارت کے مظاہرے کے بعد اختتام پذیر ہوگیا۔ اس تین روزہ پروگرام کا موضوع تھا : ''بایوٹیک اختراع اور بایو- مینوفیکچرنگ میں امکانات اور مواقع اور بایو معیشت پر اس کے اثرات''۔

گلوبل بایو انڈیا میں ملک کے بایو ٹیک اسٹارٹ اپس نے گیارہ مصنوعات کو پیش کیا، جس سے بایو سائنس میں ملک کی ابھرتی ہوئی صلاحیت کا پتہ چلتا ہے۔ سائنس و ٹکنالوجی کی وزارت نے نئی دلّی میں اس ماہ کی 12 سے 14 تاریخ تک اس پروگرام کا اہتمام کیا تھا۔ x

### Meerut Building Collapse

اترپردیش کے شہر میرٹھ میں ایک عمارت منہدم ہونے کے حادثے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر دس تک پہنچ گئی ہے۔ کل شام میرٹھ کی ذاکر کالونی میں ایک تین منزلہ عمارت منہدم ہوگئی تھی۔ بچاؤ کارروائی آج صبح مکمل ہوگئی اور عمارت کے ملبے کو صاف کردیا گیا ہے۔ پانچ افراد کو بچا کر نکالا گیا ہے۔ میرٹھ کے ضلع مجسٹریٹ دیپک مینا نے کہا کہ حادثے کے وقت عمارت میں پندرہ افراد موجود تھے۔ NDRF اور SDRF سمیت بچاؤ ٹیموں نے پوری رات کام کرکے علاقے کو صاف کیا ہے۔

## Maha - Road Accident

مہاراشٹر کے Dhule ضلع میں ہوئے ایک سڑک حادثے میں پانچ افراد ہلاک اور چار دیگر زخمی ہوگئے۔ یہ حادثہ آج صبح اُس وقت پیش آیا، جب ایک تیز رفتار نجی مسافر گاڑی سامنے سے آرہی ایک Van سے ٹکرا گئی۔ ہلاک ہونے والوں میں تین خواتین بھی شامل ہیں۔ مہلوکین کی شناخت ابھی تک نہیں ہوپائی ہے۔ نجی گاڑی کے ڈرائیور سمیت دیگر زخمیوں کا Dhule میں علاج چل رہا ہے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ڈرائیور نشے کی حالت میں تھا ۔ فی الحال تفتیش جاری ہے۔ x

## Onam Greetings

صدر جمہوریہ ، نائب صدر جمہوریہ اور وزیر اعظم نے اونم کے موقع پر عوام کو مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا کہ اونم کا تہوار، کیرالہ کی مالا مال وراثت اور روایات کا جشن منانے کا ایک موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تہوار، فصل کی کٹائی کے موقع پر منایا جاتا ہے۔ محترمہ مرمو نے کہا کہ خوشحالی کا یہ تہوار، سماجی ہم آہنگی کو فروغ دینے کے لئے عوام کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا کہ اونم کا تہوار، مالا مال روایات کے توسط سے برادریوں کو آپس میں جوڑتا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی اونم کے موقع پر مبارکباد پیش کی ہے۔ انہوں نے سبھی جگہ امن، خوشحالی اور صحت و تندرستی کیلئے دعا کی۔

جناب مودی نے کہا کہ اونم کے موقع پر ملیالی برادری، پوری دنیا میں جوش و خروش کے ساتھ کیرالہ کی مالا مال وراثت کا جشن مناتی ہے۔

## Doordarshan

دور درشن آج اپنے شاندار سفر کے 65 سال مکمل کر رہا ہے۔ 15 ستمبر 1959 کو قائم ہونے والے دوردرشن سے بھارت کے ٹیلی ویژن کے نشریاتی عہد کا آغاز ہوا ہے۔ اُس وقت کے صدر جمہوریہ ڈاکٹر راجیندر پرساد نے اسی دن پہلے نشریہ کا افتتاح کیا تھا۔ آج دوردرشن بھارت کا سب سے بڑا نشریاتی ادارہ ہے اور اس کا اسٹوڈیو اور ٹرانسمیٹر کا ایک بڑا نیٹ ورک ہے۔ یہ ٹیلی ویژن، آن لائن اور موبائل خدمات فراہم کرتا ہے جس کی رسائی بڑے شہروں، دور دراز کے علاقوں، نیز بین الاقوامی ناظرین تک ہے۔x

## Egypt Train Accident

مصر کی راجدھانی قاہرہ کے شمال میں شرقیہ Governorate کے مقام پر کل دو ٹرینوں کی ٹکر میں کم از کم تین افراد ہلاک اور 49 دیگر زخمی ہوگئے۔ مصر کی صحت کی وزارت کے مطابق، اس حادثے میں پانچ افراد شدید زخمی ہوئے ہیں۔ شرقیہ کے گورنر نے کہا کہ دونوں ٹرینوں سے سبھی مسافروں کو نکال لیا گیا ہے اور ریل لائن پر ٹرینوں کی آمدورفت کو بحال کرنے کے لئے کوششیں جاری ہیں۔x

**I&B Ministry IFFI**

اطلاعات ونشریات کی وزارت نے نوجوان فلم سازوں کیلئے بھارت کے بین الاقوامی فلم فیسٹول- اِفّی - 2024 کے ایک حصے کے طور پر ایک نیا سیکشن قائم کیا ہے، جسے Best Debut Indian Film Section 2024 کا نام دیا گیا ہے۔ بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹول IFFI گوا میں 20 نومبر سے 28 نومبر کے درمیان منعقد کیا جائے گا۔ اِس سیکشن کے ذریعے بھارت کا بین الاقوامی فلم فیسٹول ملک کی Debut فلموں پر توجہ مرکوز کرے گا، جس میں ملک بھر سے مختلف بیانیوں اور سنیما کے انداز کو اُجاگر کیا جائے گا۔ فلموں کا یہ انتخاب نوجوان فلم سازوں کے تخلیقی نقطہ نظر اور کہانی سنانے کے منفرد انداز کو اُجاگر کرے گا، نئے ٹیلنٹ کیلئے ایک پلیٹ فارم مہیا کرے گا اور ابھرتے ہوئے ہدایت کاروں کے کام کو اجاگر کرے گا۔
اِس سیکشن میں زیادہ سے زیادہ پانچ Debut فلموں کا انتخاب کیا جائے گا اور اِن فلموں کو بہترین Debut انڈین فلم سیکشن میں دکھایا جائے گا۔ بہترین Debut انڈین فلم سیکشن کیلئے اندراج کا عمل ابھی کھلا ہے اور اِس کیلئے اندراج کرانے کی آخری تاریخ 23 ستمبر ہے۔ x

**Neeraj Chopra**

بھارت کے مایہ ناز کھلاڑی نیرج چوپڑا نے کل رات برسلز میں ڈائمنڈ لیگ فائنل میں 87 اعشاریہ آٹھ چھ میٹر دور نیزہ، پھینک کر دوسرا مقام حاصل کیا۔ نیرج صرف ایک سینٹی میٹر کے فرق سے فائنل جیتنے سے چوک گئے۔ پیرس اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے Anderson Peters نے 87 اعشاریہ آٹھ سات میٹر کی دوری پر نیزہ پھینک کر پہلا مقام حاصل کیا۔ اس دوران جرمنی کے Julian Weber تیسرے مقام پر رہے۔x

**Chess Olympiad Round 4**

شطرنج اولمپیاڈ 2024 میں کل Budapest میں اوپن سیکشن اور خواتین، دونوں زمروں میں بھارتی ٹیموں نے چوتھے راؤنڈ میں شاندار جیت درج کی ہے۔ خواتین ٹیم کا مقابلہ آج پانچویں راؤنڈ میں قزاقستان کی ٹیم سے ہوگا، جبکہ اوپن سیکشن ٹیم کا مقابلہ آذربائیجان سے ہوگا۔ x

☆☆☆